## ممتاز فنکاروں عثمان پیرزادہ اورثمینہ پیرزادہ کی ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے فون پرگفتگو، آرٹ پرفارمنگ فیسٹول کے موقع پر دھماکوں کے واقعات پر فنکاروں سے مکمل یکجہتی کا اظہارکرنے پرشکریہ ادا کیا

## آپ کی حمایت سے ہمیں بہت ہمت ملی، مذہبی انتہاپسندوں کی دھمکیوں میں نہیں آئینگے اورآرٹ کے فروغ کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔عثمان پیرزادہ

## آپکے اظہاریکجہتی اوربھرپورسپورٹ نے ہمارے حوصلوں کواور بڑھادیاہے۔ثمینہ پیرزادہ

## دھماکوں کے باوجودآپ نے فیسٹول کاانعقادکرکے پوری فنکاربرادری کیلئے جرات وہمت کی ایک مثال قائم کی ہے جس پر میں آپ اور آپکی پوری ٹیم کوزبردست شاباش اورخراج تحسین پیش کرتاہوں۔ الطاف حسین

## آرٹ کے فروغ کیلئے میری مکمل سپورٹ آپ کے ساتھ ہے ۔ الطاف حسین کی عثمان پیرزادہ اورثمینہ پیرزادہ سے گفتگو

لندن ۔۔۔27نومبر2008ء۔۔۔ملک کے ممتاز فنکاروں عثمان پیرزادہ اورثمینہ پیرزادہ نے لاہورمیں آرٹ پرفارمنگ فیسٹول کے موقع پرہونے والے دھماکوں کے واقعات پر فنکاروں سے مکمل یکجہتی کا اظہارکرنے پر ایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین کوفون کرکے ان کاشکریہ ادا کیا۔عثمان پیرزادہ نے جناب الطاف حسین سے کہاکہ آپ کے بیان اورحمایت سے ہمیں بہت ہمت ملی اورہم نے دھماکوں کے باوجودآرٹ فیسٹول منعقدکیا۔ انہوں نے اپنے بھائیوں، والدہ اورپوری فیملی،فیسٹول کومنعقدکرنے والی ٹیم اورتمام فنکاروں کی جانب سے جناب الطاف حسین کاشکریہ اداکیااورکہاکہ ہم مذہبی انتہاپسندوں کی دھمکیوں میں نہیں آئینگے اورآرٹ کے فروغ کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔ثمینہ پیرزادہ نے جناب الطاف حسین کاشکریہ اداکرتے ہوئے کہاکہ آپکے اظہاریکجہتی اوربھرپورسپورٹ نے ہمارے حوصلوں کواور بڑھادیاہے۔انہوں نے کہاکہ ملک میں آرٹ اورکلچر کے فروغ اورمذہبی رواداری کیلئے تمام طبقوں کواٹھ کھڑاہوناہوگا۔ عثمان پیرزادہ اورثمینہ پیرزادہ سے گفتگوکرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہاکہ آرٹ پرفارمنگ فیسٹول کے موقع پر دھماکوں کے واقعات کے باوجودآپ نے قوم کومایوس نہیں کیااور جرات و بہادری کامظاہرہ کرتے ہوئے فیسٹول کاانعقادکرکے پوری فنکاربرادری کیلئے جرات وہمت کی ایک مثال قائم کی ہے جس پر میں آپ کواور آپ کی پوری ٹیم کوزبردست شاباش اورخراج تحسین پیش کرتاہوں۔جناب الطاف حسین نے کہاکہ آپ لوگوں کی سپورٹ کرنامیری اخلاقی ذمہ داری بھی ہے کیونکہ آپ بھی وہی کام کررہے ہیں جوہمارامنشورہے جس کیلئے ہم برسوں سے جدوجہدکررہے ہیں۔ہم بھی ملائیت اور مذہبی انتہاپسندوں کے خلاف ہیں جوملک کوتاریکی اورپتھرکے دورمیں لیجاناچاہتے ہیں ۔انہوں نے عثمان پیرزادہ اورثمینہ پیرزادہ سے کہا کہ آرٹ کے فروغ کیلئے میری مکمل سپورٹ آپ لوگوں کے ساتھ ہے اورہمیشہ ساتھ رہے گی۔

## اقلیتی حق پرست رکن قومی اسمبلی منورلعل کا گڈاپ ٹاؤن کے آتشزدگی سے متاثرہ گوٹھ کادورہٗ

## متاثرین میں امدادکی تقسیم اوراظہارہمدردی،ایم کیوایم کی جانب سے مکمل تعاون کی یقین دہانی

کراچی۔۔۔27رنومبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن قومی اسمبلی منورلعل نے گزشتہ کے روزگڈاپ ٹاؤن کے علاقے سلطان آبادمیں آتشزدگی سے متاثرہ سکھ اور ہندو برادریوں کے گوٹھ کادورہٗ کیا اورمتاثرین سے ملاقات کی اور آتشزدگی سے ہونیوالے نقصانات کاجائزہ لیا۔منورلعل نے ایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین کی جانب سے اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے تمام متاثرین سے دلی ہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے انہیں ایم کیو ایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کایقین دلایااوران میں امدادی اشیاء بھی تقسیم کیں۔اس موقع پراقلیتی امورکمیٹی کے اراکین شریف غوری،شہبازیوسف اور گڈاپ ٹاؤن کے ذمہ داران بھی ان کے ہمراہ تھے۔

## جنوبی ایشیاء این جی اوزکے نمائندہ وفدکی فاروق ستارسے ملاقات

کراچی۔۔۔27رنومبر2008ء۔۔۔جنوبی ایشیاء میں کام کرنیوالے این جی اوز''پاکستان پیس کولیشن'' اور''اچھا''ایسوسی ایشن آف کمیونل ہارمونی کے ایک نمائندہ وفد نے بدھ کے روزایم کیوایم کے مرکزنائن زیروعزیزآبادمیں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرڈاکٹرفاروق ستارسے ملاقات کی اورملاقات میں پاک بھارت تعلقات،انتہاء پسندی اوردہشتگردی کے خاتمے سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امورپرتفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ وفدمیں پریتم روحیلہ،ان اہلیہ کندن روحیلہ ،بی ایم کٹی

اورشرافت بھی شامل تھے۔وفد نے اس بات پرزوردیا کہ جنوبی ایشیاء کے دواہم ممالک بھارت اورپاکستان کے درمیان تعلقات بہترہونے چاہیئے کیونکہ اس خطے کے بہت بڑی آبادی خط افلاس سے نیچے زندگی بسرکرنے پرمجبورہے۔ اس موقع پرڈاکٹرفاروق ستارنے وفدکے ارکان کوایم کیوایم کی جانب سےمکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی اورجمہوریت کے فروغ کیلئے ایم کیوایم عملی جدوجہدکی تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ قائدتحریک الطاف حسین کےفکروفلسفہ کی بدولت ہماری جدوجہدکادائرہ پورے ملک میں‌حقوق سے محروم 98فیصدعوام تک پھیل چکاہے اوراب ہمارے تحریک میں‌سندھی،پنجابی،پختون،بلوچ،سرائیکی اورہزارہ وال سمیت مختلف برداریوں کے مظلوم عوام شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ الطاف حسین کاامن پسندی اور بھائی چارگی کاپیغام پوری دنیامیں‌پہنچ رہاہے ۔ بعدازاں‌ڈاکٹرفاروق ستارنے وفدکے ارکان کوکمیونیکیشن اینڈمیڈیامینجمنٹ ونگ کے اراکین کے ہمراہ شعبہ کےمختلف حصوں‌کادورہ کرایا اورشعبہ کی کارکردگی کے بارے میں آگاہ کیا۔

## حق پرست اراکین اسمبلی کی جانب سے سول میں‌زیرعلاج سندھی دانشورخاکی جویوکی عیادت

حیدرآباد۔۔۔ 27نومبر 2008ء۔۔۔حیدرآبادسے تعلق رکھنے والے متحدہ قومی موومنٹ کے اراکین اسمبلی وسیم حسین اورسہیل یوسف نے سول ہسپتال حیدرآبادجاکرمعروف سندھی دانشورخاکی جویوکی عیادت کی اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے انکی خیریت دریافت کی۔وہ کچھ دیرخاکی جویوکے ساتھ رہے اورانہوں نے خاکی جویو کی صحت یابی کیلئے دعابھی کی۔انہوں نے ڈیوٹی پرماموڈاکٹرز اورپیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان کو خاکی جویوکے علاج ومعالجے اورخصوصی دیکھ بھال کی ہدایت کی۔اس موقع پرحیدرآبادزونل کمیٹی کے ارکان بھی انکے ہمراہ تھے۔

## پی آئی اے ریفرنڈم2008ء میں‌کسی یونین کی حمایت نہیں‌کی،لیبرڈویژن یونائیٹڈورکرزیونین

کراچی۔۔۔27نومبر2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ لیبرڈویژن سے الحاق شدہ یونین یونائیٹڈورکرزیونین کے عہدیداران نے کہاہے کہ ایم کیوایم لیبرڈویژن نے پی آئی اے کے ریفرنڈم 2008ء میں‌کسی بھی یونین کی حمایت کااعلان نہیں‌کیاہے۔اپنے ایک وضاحتی بیان میں‌یونائیٹڈورکرزکے عہدیداران نے واضح کیاہے کہ یونائیٹڈورکرز یونین پی آئی اے(PIA)نے ریفرنڈم2008ء میں‌کسی بھی یونین کی تاحال حمایت نہیں‌کی ہے تاہم پی آئی اے ریفرنڈم 2008ء میں حصہ لینے والی تمام یونینزسے اعلیٰ سطح پررابطے جاری ہیں۔اس ضمن میں‌یونائیٹڈورکرزکے عہدیداران نے مزیدواضح کیاکہ یونائیٹڈورکرزتمام قومیتوں پرمشتمل ہے،جسے حال ہی میں‌مستقل ہونے والے گروپ ایک سے چارکے ملازمین کی مکمل وبھرپورحمایت حاصل ہے۔

## محمدعالم،ندیم اخترجاگیرانی،مزمل احمد،خورشیدفاطمہ اورمحمدنعمان کی والدکے انتقال پررابطہ کمیٹی کااظہارتعزیت

کراچی۔۔۔27نومبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم بدین زونل انچارج پیربخش نظامانی کے صاحبزادے محمدعالم،ایم کیوایم سکھرزونل کمیٹی کے رکن فہیم اخترجاگیرانی کے بھائی ندیم اخترجاگیرانی،ایم کیوایم سکھرزون یوسی 4کے کارکن محمدنعمان کی والدہ،ایم کیوایم میڈیکل ایڈکمیٹی کے کارکن جواداحمدکے والدمزمل احمدصدیقی اورایم کیوایم ملیرسیکٹریونٹ 198کے کارکن شفیق عالم کی والدہ خورشیدفاطمہ کے انتقال پرگہرے رنج وغم کااظہارکیاہے۔ایک تعزیتی بیان میں‌رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کااظہارکرتے ہوئے دعاکی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کوجنت الفردوس میں‌جگہ عطافرمائے اورسوگواران صبرجمیل دے۔(آمین)

## تین ہٹی کے قریب مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم اولڈلیاری سیکٹرکے ہمدرداللہ دادشہیداورکارکن راجہ بابرزخمی

کراچی۔۔۔27نومبر2008ء۔۔۔تین ہٹی کے قریب مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم اولڈلیاری سیکٹرکے ہمدرداللہ دادشہیداورکارکن راجہ بابرشدیدزخمی ہوگئے،زخمی راجہ بابرکومقامی اسپتال میں‌طبّی امدادفراہم کی جارہی ہے ۔تفصیلات کے مطابق جمعرات کی دوپہرتقریباًساڑھے 12بجے ایم کیوایم کی کراچی مضافاتی کمیٹی اولڈلیاری سیکٹر یونٹ یوسی 8کے کارکن راجہ بابرایم کیوایم کے ہمدرداللہ دادکے ہمراہ موٹرسائیکل پرتین ہٹی سےلسبیلہ کی جانب آرہے تھے کہ فلستان سینماکے قریب موٹرسائیکل سوارمسلح دہشتگردوں نے ان پرفائرنگ کردی،مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم کے ہمدرداللہ دادموقع پرہی شہیدہوگئے جبکہ ایم کیوایم کے کارکن راجہ بابرسینے اور ہاتھ میں‌گولی لگنے سے شدیدزخمی ہوگئے،زخمی کومقامی اسپتال میں‌طبّی امدادفراہم کی جارہی ہے جہاں‌ان کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کے ذمہ داران اورکارکنان اسپتال پہنچ گئے ،دہشتگردی کے واقعہ سے ایم کیوایم کے کارکنان وعوام میں‌شدیدغم وغصہ پایاجاتاہے۔دریں‌اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے دہشتگردوں‌کی فائرنگ سے ایم کیوایم کے ہمدرداللہ دادکےقتل اوراولڈلیاری سیکٹرکے کارکن راجہ بابرکوزخمی کرنے کے واقعہ کی شدیدمذمت کی ہے۔ایک بیان میں‌انہوں نے کہاکہ ایم کیوایم کے کارکنان کیخلاف مسلح دہشتگردی کے واقعات

شہرکاامن تباہ کرنے کی سازش ہے۔رابطہ کمیٹی نے گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباداوروزیراعلیٰ سندھ سیدقائم علی شاہ سے مطالبہ کیاکہ ایم کیوایم کے ہمدرداللہ داد کے قتل کانوٹس لیاجائے اورقاتلوں کوگرفتارکرکے سخت ترین سزادی جائے۔انہوں نے اللہ دادشہید کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت کی اورزخمی کارکن راجہ بابر کی صحتیابی کیلئے دعابھی کی۔

## کراچی انسٹیٹیوٹ آف ہارٹ ڈیزیزکوٹیچنگ ادارے کادرجہ دینے کافیصلہ خوش آئندہے،رابطہ کمیٹی
## حق پرست قیادت شہریوں کوعلاج ومعالجے کی جدیداورسستی سہولیات فراہم کررہی ہے،فیصلہ کاخیرمقدم

کراچی۔۔۔27/نومبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی انسٹیٹوٹ آف ہارٹ ڈیزیزکوٹیچنگ ادارے کے درجہ دینے کے فیصلے کاخیرمقدم کیاہے اوراسے حق پرست قیادت کا ایک اورکارنامہ قراردیتے ہوئے سٹی ناظم سیدمصطفیٰ کمال کومبارکبادپیش کی ہے۔اپنے ایک تہنیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہاکہ حق پرست قیادت شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ انہیں علاج معالجے کی جدیداورسستی سہولیات کی فراہمی کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے ۔رابطہ کمیٹی نے کہاکہ سٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت کی جانب سے ہسپتالوں کی تعمیر،کراچی میں جدیدمشینوں اورسرجیکل آلات سے آراستہ ٹراماسینٹرزکے قیام، خودکارآلات اورآپریشن کی سہولت سے آراستہ ایمبولینس سروسزکااجراء اورجدیدطرزکی لیبارٹری کی تعمیر کے بعدکراچی انسٹی ٹیوٹ آف ہارٹ ڈیزیزکے قیام اوراس ادارے کوٹیچنگ ادارے سے منسلک کرنے کاعمل کراچی کے شہریوں کیلئے حق پرست قیادت کاایک اورکارنامہ ہے ۔رابطہ کمیٹی نے کہاکہ حق پرست سٹی ناظم کی جانب سے اس سلسلے میں امراض قلب کے ادارے کراچی انسٹی ٹیوٹ آف ہارٹ ڈیزیزکوکراچی میڈیکل اینڈڈینٹل کالج کے ساتھ منسلک کرنے اور13 کروڑروپے کی لاگت سے انسٹی ٹیوٹ میں نرسنگ اسکول قائم کرنے کافیصلہ کیاگیاہے جبکہ انسٹی ٹیوٹ میں ہارٹ سرجری شروع ہونے ادارے کے سالانہ بجٹ میں20 فیصد اضافہ کردیاگیاہے ۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے کراچی انسٹیٹوٹ آف ہارٹ ڈیزیز کوٹیچنگ ادارے کا درجہ دینے کے فیصلے کاخیرمقدم کرتے ہوئے حق پرست سٹی ناظم سیدمصطفیٰ کمال سمیت پوری حق پرست قیادت کومبارکبادپیش کی اوران کی کارکردگی پرزبردست خراج تحسین پیش کیاہے۔

☆☆☆☆☆